© rasailojaraid.com



جرس کارواں

# پولیس مقابلوں میں ہلاکتوں کی عدالتی تحقیقات کرائی جائے

## پنجاب میں پاکستان شریعت کونسل کو منظم کرنے کا فیصلہ

پاکستان شریعت کونسل کی صوبائی مجلس شوریٰ کا اجلاس ۱۰ فروری کو مسجد امن باغبان پورہ لاہور میں مولانا زاہد الراشدی کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں پنجاب میں پاکستان شریعت کونسل کی رکن سازی کی رفتار کا جائزہ لیا گیا اور صوبائی سیکرٹری جنرل مولانا قاری جمیل الرحمٰن اختر نے اب تک کی صورت حال کی رپورٹ پیش کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ صوبہ میں رکن سازی کے کام کو تیز کیا جائے گا۔ اس سلسلہ میں صوبہ بھر میں جماعتی احباب سے کہا گیا ہے کہ جن کے پاس رکن سازی کی کاپیاں موجود ہیں وہ اب تک کی پیش رفت کی رپورٹ صوبائی ناظم اعلیٰ مولانا قاری جمیل الرحمٰن اختر خطیب جامع مسجد امن باغبان پورہ جی ٹی روڈ لاہور کو جلد بھجوائیں اور جن علاقوں میں ابھی تک کاپیاں نہیں پہنچیں وہ رکن سازی کی کاپیاں ان سے منگوا کر رکن سازی کا کام شروع کریں تاکہ مرحلہ وار تنظیم سازی کا کام جلد آگے بڑھایا جا سکے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ امیر مرکزیہ مولانا فداء الرحمٰن درخواستی کی وطن واپسی پر مرکزی مجلس شوریٰ کا اجلاس طلب کر کے ملک بھر میں رکن سازی اور رابطہ عوام کی مہم کو تیز کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔ اجلاس میں پولیس مقابلوں میں ہونے والی ہلاکتوں پر انتہائی تشویش و اضطراب کا اظہار کرتے ہوئے ایک قرارداد میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ ان ہلاکتوں کی اعلیٰ سطح پر عدالتی تحقیقات کرائی جائے اور فرقہ وارانہ دہشت گردی کے اسباب و عوامل کی نشاندہی کے لیے سپریم کورٹ کے جج کی سربراہی میں عدالتی کمیشن قائم کیا جائے۔

اجلاس میں باقاعدہ صوبائی انتخابات تک پنجاب میں پاکستان شریعت کونسل کے صوبائی تنظیمی ڈھانچے کی تشکیل نو کی گئی جس کے مطابق آئندہ انتخابات تک صوبائی عہدہ دار مندرجہ ذیل ہوں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| امیر | مولانا قاری سعید الرحمٰن | جامعہ اسلامیہ کشمیر روڈ راولپنڈی صدر |
| نائب امیر۱ | مولانا حاجی غلام مصطفیٰ | چدھڑ چوک، صادق آباد ضلع رحیم یار خان |
| نائب امیر۲ | مولانا حافظ مہر محمد | جامعہ توحید و سنت، بن حافظ جی، میانوالی |
| سیکرٹری جنرل | مولانا قاری جمیل الرحمٰن اختر | مسجد امن باغبان پورہ، جی ٹی روڈ لاہور |
| ڈپٹی سیکرٹری | مولانا سید محبوب احمد ہاشمی | جامعہ عثمانیہ نادر آباد، لاہور چھاؤنی |
| رابطہ سیکرٹری | مولانا محمد نواز بلوچ | مسجد ریحان جناح روڈ گرجاکھ گوجرانوالہ |
| سیکرٹری اطلاعات | خالد لطیف گھمن | پریس کلب، چونیاں ضلع قصور |
| سیکرٹری مالیات | مخدوم منظور احمد تونسوی | مسجد کبریٰ نیو سمن آباد لاہور |

اجلاس میں ایک اور قرارداد کے ذریعہ سینٹ آف پاکستان کے ارکان سے اپیل کی گئی ہے کہ قرآن و سنت کی بالادستی کے دستوری ترمیمی بل کو جلد از جلد منظور کر کے ملک میں اسلامی قوانین کے نفاذ کی راہ ہموار کی جائے۔

## شریعت کونسل کے وفد کی ڈاکٹر اسرار احمد سے ملاقات

پاکستان شریعت کونسل کے ایک وفد نے ۱۹ فروری کو قرآن اکیڈمی ماڈل ٹاؤن لاہور میں تنظیم اسلامی کے امیر جناب ڈاکٹر اسرار احمد سے ملاقات کی اور ان سے دینی جماعتوں کے باہمی تعاون کے امکانات پر بات چیت کی۔ وفد میں مولانا زاہد الراشدی، مولانا قاری جمیل الرحمٰن اختر اور پروفیسر حافظ محمد ظفر اللہ شفیق شامل تھے جبکہ تنظیم اسلامی کے مرکزی راہ نما جناب ڈاکٹر عبد الخالق، جناب خالد محمود اور جناب محمد شاہد بھی ملاقات میں شریک تھے۔

اس موقع پر مولانا زاہد الراشدی نے کہا کہ ہم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی طرف سے "متحدہ اسلامی محاذ" کے قیام کی تجویز سے متفق ہیں اور خود ہماری خواہش ہے کہ دینی جماعتوں کا کوئی ایسا مشترکہ فورم ملک میں موجود ہو جو اسلامی نظام کے حوالہ سے مشترکہ جدوجہد کو آگے بڑھا سکے اس لیے اگر اس سلسلہ میں کوئی سنجیدہ پیش رفت ہوئی تو ہم بھرپور تعاون کریں گے۔

## سودی نظام کے بارے میں حکومتی طرز عمل پر احتجاج

مختلف مکاتب فکر کے سرکردہ علماء کرام نے سود کے بارے میں سپریم کورٹ اور وفاقی شرعی عدالت میں حکومت کی طرف سے دائر کردہ درخواستوں کے بارے میں تحفظات اور خدشات کا اظہار کرتے ہوئے اس سلسلہ میں دینی حلقوں اور رائے عامہ کو بیدار کرنے اور مشترکہ جدوجہد منظم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اگر وہ اپنے سابقہ اعلانات کے مطابق سودی نظام کے خاتمہ میں مخلص اور سنجیدہ ہے تو سپریم کورٹ میں دائر کردہ اپیل اور وفاقی شرعی عدالت میں دائر کردہ نظر ثانی کی درخواست بلا تاخیر واپس لے کر اس کا عملی ثبوت دے۔

© rasailojaraid.com